نائیجیریا کی اسلامی تحریک کے سربراہ حجت الاسلام والمسلمین شیخ ابراہیم زکزاکی اور ان کے اہل خانہ سے ملاقات - 14 /Oct/ 2023

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے ہفتہ کی صبح نائیجیریا کی اسلامی تحریک کے سربراہ حجت الاسلام والمسلمین شیخ ابراہیم زکزاکی اور ان کے اہل خانہ سے ملاقات میں دنیا کی وسیع تر سازشوں کے باوجود ان کی اور ان کے اہل خانہ کی مجاہدانہ کردار کی تعریف کیـ رہبر معظم نے فرمایا کہ اسلام کی بڑھتی ہوئی طاقت مجاہدت کا نتیجہ ہے اور مقبوضہ فلسطین کی صورتحال بالخصوص غزہ کی صورتحال کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ آج فلسطین میں جو صورتحال پیدا ہو رہی ہے وہ اسلام کی طاقت کا مظہر ہےـ

انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ فلسطین میں ہونے والے حالیہ واقعات بالخصوص بم دھماکوں اور خواتین، بچوں اور بوڑھوں کی شہادت نے ہر انسانی دل کو زخمی کیا ہے لیکن ان واقعات کا دوسرا رخ فلسطین میں اسلام کی ناقابل یقین طاقت کا عکاس ہےـ اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یہ کام جو فلسطین میں شروع ہوا ہے، جاری رہے گا اور فلسطینیوں کی مکمل فتح کا باعث بنے گاـ

آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے فرمایا کہ فلسطینیوں کی مدد کرنا عالم اسلام میں ہر ایک کا فرض ہےـ

انہوں نے ایران میں اسلامی نظام کی تشکیل اور صدیوں کے بعد سیاسی اسلام کے نظریہ پر مبنی حکومت کے قیام کو اسلام کی طاقت کا ایک پہلو قرار دیا اور کہا کہ اسلامی جمہوریہ اپنے قیام کے وقت سے مزید ترقی کرتا جا رہا ہے اور دن بہ دن طاقتور ہو رہا ہے یہ مستقبل میں اور بھی طاقتور ہوگاـ

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے فرمایا کہ دنیا میں اسلامی سرگرمیاں روز بروز پھیل رہی ہیں اور آج افریقہ، ایشیا، یورپ، شمالی امریکہ سمیت دنیا کے مختلف خطوں میں اسلامی سرگرمیاں عروج پر ہیں اور خداوند متعال کے فضل و کرم سے وہ زیادہ کامیابی اور طاقت کے ساتھ آگے بڑھ رہے رہیں۔

انہوں نے شیخ زکزاکی اور ان کے اہل خانہ سے ملاقات کو بھی انتہائی خوش آئند قرار دیا اور کہا کہ آپ اللہ کی راہ میں حقیقی مجاہد کے مصداق ہیں اور ہمیں امید ہے کہ آپ اپنا مجاہدانہ طرز عمل جاری رکھیں گےـ

اس ملاقات میں نائجیریا کے مجاہد عالم دین حجۃ الاسلام والمسلمین شیخ ابراہیم زکزاکی اور ان کی اہلیہ نے بھی اس ملاقات پر انتہائی مسرت کا اظہار کیا اور اپنے جذبات کو ناقابل بیان قرار دیا اور کہا کہ ہمیں امید ہے کہ آپ کی دعاؤں اور مسلمانوں کی کوششوں اور جدوجہد سے اسلام روز بروز ترقی کرتا جائے گاـ